کہے گا کہ لو جی! اب اعتماد بحال ہو گیا ہے......تو تصفیہ طلب مسائل پر بات کریں۔ ہمارے خیال میں یہ وقت کبھی نہ آئے گا اور انڈیا ہمیں یونہی انگلیوں پر نچاتا رہے گا اور ہم اس کے خالِ ہندوانہ پر امن کی آشا سمیت قربان ہو جائیں گے پر کشمیر چھوڑ سر کریک اور سیاچین کا تصفیہ بھی نہ کرے گا۔

؎ ایں خیال است و محال است و جنوں

امن کی آشا والے بے نیلِ مرام ہی رہیں گے۔

شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل کو صدمہ

مورخہ 20 نومبر بروز منگل شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل کے ماموں، اور مولانا حبیب الرحمٰن یزدانی شہید کے چچا سسر اور مولانا شفیق الرحمٰن کے والد محترم مولانا محمد فاروق وفات پا گئے۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحوم عالم باعمل خطیب اور حکیم تھے۔ نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

مولانا عبدالحئی (بلتستان) کا سانحہ ارتحال

مورخہ 30 اکتوبر بروز منگل بزرگ عالم دین مولانا عبدالحئی طویل علالت کے بعد بلتستان سکردو میں وفات پا گئے۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحوم مولانا احمد علیؒ کے سسر تھے۔ آپ عالم باعمل ہونے کے ساتھ ساتھ انتہائی بااخلاق اور ملنسار انسان تھے۔ غائبانہ نماز جنازہ جامع مسجد سلطان میں نماز جمعہ کے بعد مولانا محمد اصغر نے پڑھائی۔

مدیر اعلیٰ ہفت روزہ ''اہل حدیث'' جناب بشیر انصاری کو صدمہ

مورخہ 30 نومبر بروز جمعہ مدیر اعلیٰ ہفت روزہ ''اہل حدیث'' لاہور جناب بشیر انصاری کی اہلیہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور انتہائی نیک خاتون تھیں۔ رئیس الجامعہ نے فون پر تعزیت کی اور دُعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

ای۔ڈی۔او ہیلتھ ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ (فضل ہسپتال جہلم) کو صدمہ

مورخہ 4 دسمبر بروز منگل ای۔ڈی۔او ہیلتھ منڈی بہاؤالدین ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ (فضل ہسپتال) کی ہمشیرہ محترمہ اچانک وفات پا گئیں۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور انتہائی بااخلاق خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی جس میں کثیر تعداد میں ڈاکٹرز اور زندگی کے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی۔